Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۰ | مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الاول ۱۳۳۴ھ مطابق ۶ مارچ ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت تعین مقدار رسوم درخواست عذرداری	۱ و ۲
۲	رخصت منشی غنی علی صاحب پیشکار۔	۲
۳	رخصت احمد سرسری	؍؍
۴	تبادلہ محمد اسحاق محرر مال بجگہ علی احمد	۳
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

مشمولہ مثل رپورٹ تحصیلدار حضور تحصیل دربارہ تعین

مقدار رسوم درخواست عذرداری۔

تحصیلدار صاحب حضور تحصیل نے اجراء ڈگری کی عذرداری کی درخواست کے رسوم کے متعلق استصواب کیا تھا۔ ناظم صاحب نے دیگر تحصیلات کا طرز عمل معلوم کیا جوابات سے ظاہر ہے کہ جملہ تحصیلات کا طرز عمل جداگانہ ہے۔ حالانکہ یکساں ہونا چاہیے مختلف مقدار رسوم استعمال

درخواستین عذرداری کی لیکر شامل مثل اجرا کیجاتی ہین - حالانکہ دفعہ ۳۴۳ دستور عامدیہ کے موافق قبل از نیلام اسکا دعوے موافق نمبرہ ۴ ضمیمہ اول بنام بنا دنالش داگذاشت مفروقہ باعتبار مالیت رسوم لگاکر دائر ہونا چاہیے -

جبکہ چارہ کار قانونی موجود ہی تو مخالفت قانون درخواست عذرداری لینے کی کیا ضرورت -

دستور عامدیہ کے دستور دوہم کی فصل دوم دفعہ ۱۹ کی یہ الفاظ ہین (بجز نالشات و درخواستین جو ذیل مین درج ہین سوائے عدالتہاے مال کے کسی دوسری عدالت مین قابل سماعت نہونگی) -

اس دفعہ کے حرف (ف) مین نالش واگذاشت مفروقہ دفعہ ۳۴۳ دال جسکا ذکر اوپر ہوا ہے - مندرج ہی - لیکن دفعات ۳۴۱ و ۳۴۲ و ۳۴۳ مین بابت نالش ہرجہ بعدالت کرکے کہا ہے - کہ احکام جو ان دفعات کے متعلق کسی عدالت سے صادر ہون - وہ قابل اپیل نہین ہونگی - البتہ جس فریق کے خلاف حکم ہوا ہے اسکو استحقاق ہی - کہ عدالت دیوانی مین ایک سال کے اندر تاریخ حکم کو ہرجہ وال کی بابت نالش دائر کرے -

ناظم صاحب نے دفعہ ۱۹ اور دفعہ ۳۴۳ کی عبارات کا تناقض دکھا کر ترمیم کی رپورٹ کی ہے -

تناقض بادی النظر مین ضرور معلوم ہوتا ہے - جیسا کہ ناظم صاحب نے لکھا ہی - دراصل اگر بنظر تامل دیکھا جائے - تو دفعہ ۳۴۳ مین ہرجہ کی نالش کی ہدایت ہی نہ کہ نالش واگذاشت مفروقہ -

چونکہ نوعیت نالش مغائر ہی - لہذا جو تناقض کہ دکھایا گیا ہی ٹھیک نہین - چونکہ سطور بالا مین ایک صورت توضیح قانون کی ہے -

لہذا حکم ہوا -

اطلاعاً ایک ایک نقل اسکی جملہ تحصیلات و نظامت کو مرسل ہو - ایک نقل دارالانشاء گزٹ طبع کو مرسل ہو -

ملخص احکام اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ر فروری ۱۹۱۶ء

منشی رضی علی پیشکار اجلاس کی رخصت آٹھ یوم من ابتداء ۲۲ر فروری ۱۹۱۶ء مع اجازت ایام تعطیلات تین یوم بوجہ شرکت عرس منظور کی گئی - ایام رخصت مین محمد مشتاق حسن خان پیشکار اجلاس کام انجام دینگے -

۲۴ر فروری ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل معہ رائے ناظم صاحب رخصت دو ہفتہ غلام حسن خان اہلمد سرسری حضور تحصیل بوجہ علالت بعوض مراری لال ۱۷ر فروری سنہ حال سے منظور کی گئی -

تبادلہ

۲۴ر فروری ۱۹۱۶ء

بربنا رپورٹ تحصیلدار ملک شمر استدعا تبادلہ محمد اسحاق محرر مال تحصیل بوجہ علالت کثیر و عدم موافقت آب و ہوا حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب معہ رائے حاکم صاحب صدر در بارہ تبدیلی مگن لال اہلمد علاقہ مال صدر بوجہ ہوشیاری و اطاعت شعاری و علامت سررشتہ کرنے کا م قابل اطمینان و تجربہ و خوش خطی - تبادلہ ہر دو اہلکاران بہ تنخواہ خود با منظور کیا گیا -

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ فروری لغایت ۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سار	۷ سار		۷۰۶ سار		۷ سار	
نخود خالص	۱۰ سار	۰۱۰ سار		۱۰ سار		۱۰ سار	
نخود کسہ آمیز	۰۱۰ سار	۱۱ سار		۰		۱۰۱ سار	
کسہ	۰۱۰ سار	۰		۰		۱۱ سار	
ماش	۷ سار	۸ سار		۷۰ سار		۷۰ سار	
مونگ	۷ سار	۸ سار		۷۰ سار		۷۰ سار	
مکا	۱۲ سار			۰۱۲ سار		۱۳۰ سار	
جئی	۱۲ سار	۰		۱۲ سار		۱۲ سار	
گوجئی	۱۱ سار	۹ سار		۰		۰۱۰ سار	
عدس	۰	۰		۰		۰	
ارہر	۰	۰		۸ سار		۰	
برنج	۶ سار	۰		۶ سار		۶ سار	
روغن زرد	۱۰ سار	۱ سار		۱۰ سار		۱۰ سار	
روغن سیاہ	۰۲ سار	۳ سار		۲ سار		۲ سار	
روغن کنجد	۲ سار	۲ سار		۰۱ سار		۲ سار	
نمک سانبھر	۱۰ سار	۱۲ سار		۱۰ سار		۱۲ سار	
نمک لاہوری		۱۲ سار		۸ سار		۱۳ سار	
قند سیاہ	۰۵ سار	۶ سار		۵ سار		۶ سار	
باجرہ	۱۰ سار	۰۱۰ سار		۱۰ سار		۱۱ سار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور